# 14-08-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ کابینہ نے آج تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ 2.0 کواس سال انوسٹ تلنگانہ تھیم کے ساتھ بڑے پیمانہ پرمنعقد کرنے کا فیصلہ لیا۔

۲۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے ملک کے اتحاد اور تحفظ کیلئے وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ہر ایک کو متحدہ طور پر کام کرنے پر زور دیا۔

۳۔کابینی سب کمیٹی کے چیرمین ریاستی وزیر سری دھر بابو نے گوداوری پشکرالو 2027ء کے کاموں کو ستمبر کے پہلے ہفتہ میں شروع کرنے عہدیداوں کو ہدایت دی۔

۴۔محکمہ موسمیات نے ریاست کے 14 اضلاع کیلئے آج ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔

## President Address

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 80 ویں یوم آزادی کے موقع پر آج قوم سے خطاب کریں گی۔صدر جمہوریہ کا خطاب آج شام 7 بجے آکاشوانی پر نشر کیا جائے گا۔اس کے علاوہ دوردرشن کے تمام چینلوں میں پہلے ہندی میں اوراس کے بعد انگریزی زبان میں نشر ہوگا۔رات 9:30 بجے صدر جمہوریہ کا خطاب علاقائی زبانوں میں آکاشوانی پر نشر کیا جائے گا۔

NSD

## Godavari Pushkaralu Review

کابینی سب کمیٹی کے چیرمین وریاستی وزیر سری دھر بابو نے گوداوری پشکرالو 2027ء کے کاموں کا آغاز ستمبر کے پہلے ہفتہ میں شروع کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔سکریٹریٹ میں منعقدہ کابینی سب کمیٹی کے اجلاس میں پشکرالو کے انتظامات پر ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا گیا۔اِس

اجلاس میں مختلف محکمہ جات کے عہدیداروں نے شرکت کی ۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ پشکرالو کیلئے حکومت ایک ہزار کروڑ روپے الاٹ کی ہے۔ عقیدتمندوں کا زیادہ ہجوم ہونے والے مقامات ٹائر1 میں خصوصی عہدیداروں کو نامزد کرنے اوراہم مقامات میں کمانڈ کنٹرول سنٹر قائم کرنے کی بھی ہدایت دی۔ عقیدتمندوں کو پریشانی نہ ہونے کیلئے ٹرانسپورٹ کا بہتر انتظام کرنے اور روڈ کنکٹی ویٹی کو بہتر بنانے پر زور دیا۔

Desk

BSNL

بی ایس این ایل تلنگانہ ریجن کے سی جی ایم بی روی کمار نے کہا کہ ملک کی 80 ویں یوم آزادی کے ضمن میں مختلف نئی اسکیموں کا افتتاح کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک روپیہ فریڈم 2.0 اسکیم اوراس کے علاوہ دیسی تکنالوجی کے ذریعہ جی ایس پی ایس اسکیم کا آغاز کیا جارہا ہے۔ اِس کے ذریعہ دوردراز علاقوں میں بغیر کوئی رکاوٹ کے بہتر نٹ ورک کی سہولت دستیاب ہوگی۔ بہت جلد دیسی تکنالوجی کے ساتھ جیوسٹلائٹ کے خدمات کا بھی آغاز کیا جائے گا۔ بی ایس این ایل فائبر فریڈم اسکیم کے تحت ایک ہزار 111 روپے لانچ آفر بھی جاری کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نکسلائٹ کے مسائل میں کمی آئی ہے۔ اس ضمن میں ریاست بھر کے 4G نٹ ورک کے حدود کو توسیع دینے کیلئے 173 کروڑ روپیوں کی لاگت سے 2 پروجکٹوں کو عمل میں لایا جارہا ہے۔ میک اِن انڈیا آتمانربھر بھارت پروگرام کے تحت بی ایس این ایل پالی کیاپ کے اشتراک سے الکٹرانک نٹ ورکنگ کے آلات کی تیاری دیسی ٹکنالوجی کے ذریعہ کی جائے گی۔

MSV

Godavari River Management

کریم نگر سابق رکن پارلیمنٹ بی ونود کمار نے حیدرآباد میں اِس مہینہ کی 18 تاریخ کو منعقد ہونے والے گوداوری ریور مینجمنٹ بورڈ کے اجلاس سے تلنگانہ پروجیکٹوں کے اجازت کی منسوخی کو ہٹانے کا مطالبہ کیا۔ راجنا سرسلہ ضلع ایلا ریڈی پیٹ منڈل ہیڈکوارٹر میں میڈیا سے انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ پروجیکٹوں کی اجازت کو منسوخ کرنے سے ریاست کے آبپاشی شعبہ پر بہت ہی زیادہ اثر پڑنے کا امکان ہے۔ تلنگانہ کے مفادات سے تعلق رکھنے والے اہم امور پر بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ کو مرکزی حکومت پر دباؤ پیدا کرنے کا مطالبہ کیا۔

PTC - Rajanna Sircilla

Cabnet

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں آج تلنگانہ کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا۔ اِس اجلاس میں کابینہ نے کئی ایک اہم فیصلوں کو منظوری دی۔ اس موقع پر تلنگانہ رائزنگ گلوبل 2.0 کو سابق سے زیادہ بڑے پیمانہ پر منعقد کرنے کا فیصلہ لیا گیا۔ اس کیلئے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ اور ریاستی وزراء سریدھر بابو، اتم کمار ریڈی، وویک وینکٹ سوامی کی قیادت میں سب کمیٹی کے علاوہ سمٹ کے انعقاد کیلئے خصوصی کمیٹیاں قائم کرنے کا بھی فیصلہ لیا گیا اور اس سال انوسٹ تلنگانہ تھیم کے ساتھ سمٹ منعقد کرنے کا فیصلہ لیا۔ اسمارٹ راشن کارڈ کی تقسیم کو بڑے پیمانہ پر منانے کا بھی فیصلہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سنگاریڈی اسمارٹ راشن کارڈ کی تقسیم کا آغاز کریں گے اور اس موقع پر کابینہ میں کئی ایک اہم فیصلوں کو منظوری دی۔

Byte : P.Srinivas Reddy

Desk

Mahesh Kumar Goud

تلنگانہ کے صدر پردیش کانگریس مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ کانگریس پارٹی میں وزیراعلیٰ سمیت دیگر قائدین کو بھی ایک ہی عزت اور مقام حاصل ہوگا۔ انہوں نے رویندرا بھارتی میں منعقد کئے گئے ایک پروگرام میں رکن اسمبلی راج گوپال ریڈی کی جانب سے کئے گئے ریمارکس پر ردِعمل ظاہر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی سے متعلق امور کو چار دیواروں کے درمیان بات کرنا چاہئے اس کو کھلے عام بات نہیں کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ جو بھی بات کی جائے گی وہ ہائی کمان کے پاس پہنچے گی۔

Desk

Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے ریاست کے 14 اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔ ہنمکنڈہ، حیدرآباد، جنگاؤں، کاماریڈی، میڑچل ملکاجگری، محبوب نگر اور دیگر اضلاع میں گرج و چمک کے ساتھ ہلکی تا اوسط بارش ہونے کی پیش قیاسی کی ہے۔

Press Note

Har Ghar Tiranga

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے ملک کے اتحاد اور تحفظ کیلئے وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ہر ایک کو متحدہ طور پر کام کرنے پر زور دیا۔ یوم آزادی کے موقع پر حیدرآباد کے ٹینک بنڈ پر بی جے پی کی جانب سے منعقد کئے گئے ہر گھر ترنگا یاترا سے انہوں نے خطاب کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے ہر گھر پر ترنگا لہرانے اور ہر ہندوستانی کو اپنے ہاتھ میں قومی پرچم لے

کرترنگا یاترا میں شرکت کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے ملک کی ترقی میں رکاوٹ پیدا کرنے والے اور ملک کے خلاف سازشیں کرنے والوں کو سبق سکھانے عوام سے اپیل کی جبکہ مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے کہا کہ بلالحاظ ذات وطبقہ قومی پرچم کو ہاتھ میں لے کر ہزاروں عوام یاترا میں شامل ہونا بہت ہی خوشی کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ یاترا میں شامل ہونے والوں کا زیادہ تر کا تعلق جین زی سے ہے۔

Desk

D.K. Aruna

رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے ملک کے اتحاد اور قومی سلامتی کیلئے عوام کو بلالحاظ مذہب و ملت متحد رہنے پر زور دیا۔ انہوں نے وزیراعظم نریندر مودی کی اپیل کے مطابق محبوب نگر ضلع کے ہیڈکوارٹر نیوٹاؤن سے کلاک ٹاور تک بڑے پیمانہ پر نکالی گئی ترنگا ریالی میں شرکت کی۔ اِس موقع پر انہوں نے مجاہدین آزادی کی قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور ہر ایک شہری کو ذمہ داری کے طور پر کام کرنے پر زور دیا اور انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ اپنے مکانات پر قومی پرچم لہرائیں۔

PTC - Mahabubnagar

Statue

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے نکلس روڈ پر مہاتما جوتی با پھولے اور ساوتری بھائی پھولے کے مجسموں کی نقاب کشائی انجام دی۔ اس پروگرام میں نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ، تلنگانہ کے صدر پردیش کانگریس مہیش کمار گوڑ، ریاستی وزراء سری دھر بابو، سری

ہری، پرنم پر بھاکر، کونڈا سریکھا، محمد اظہر الدین، گورنمنٹ وہپ آدی سرینواس، ارکانِ پارلیمنٹ انیل کمار یادو، آر کرشنیا کے علاوہ حکومت کے مشیران وی ہنمنت راؤ، کے کیشو راؤ اور ارکانِ اسمبلی نے شرکت کی۔

Desk

Awards

یوم آزادی کے موقع پر تلنگانہ سے تعلق رکھنے والے مختلف پولیس عہدیداروں اور عملہ کو تاریخی پولیس ایوارڈس حاصل ہوئے ہیں۔ ان کی بہترین خدمات پر صدر جمہوریہ پولیس ایوارڈ اور بہادری کا ایوارڈ اور بہترین خدمات کیلئے پولیس ایوارڈس کا مرکزی حکومت نے اعلان کیا ہے۔ انٹلیجنس ایس پی جگد یشور ریڈی، سکندرآباد زون ایڈیشنل ڈی سی پی نرسیا کو صدر جمہوریہ پولیس ایوارڈ حاصل ہوا ہے جبکہ دیگر 10 عملہ کو میری ٹورین سرویس میڈل حاصل ہوا ہے۔

Desk

Governor

تلنگانہ کے گورنر شیو پرتاپ شکلا نے 80 ویں یوم آزادی کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر انہوں نے مجاہدین آزادی کی قربانیوں کو یاد کرنے پر زور دیا۔ گورنر نے ملک کے اتحاد کیلئے ذمہ داری کے ساتھ کام کرنے عوام پر زور دیا۔ مضبوط آتمانر بھر بھارت کی تعمیر کیلئے متحدہ کوشش کرنے کی بھی ہدایت دی۔ امن، بھائی چارگی اور ترقی کیلئے اہم توجہ دینے پر زور دیا۔

Desk

Intermediate Last Day

تلنگانہ انٹرمیڈیٹ بورڈ نے 27-2026 تعلیمی سال کیلئے فرسٹ ائیر کے داخلوں کی تاریخ میں 31 اگست 2026ء تک توسیع دی ہے۔ سرکاری، خانگی، ایڈیڈ، خانگی اَن ایڈیڈ، گروکلس، ویلفیئر، ماڈل، کے جی بی وی اور دیگر جونیر کالجوں کیلئے یہ احکامات لاگو ہوں گے۔ داخلوں میں ریزرویشن کے قواعد پر سختی سے عمل کرنے، کالجس کے پرنسپلس کو بورڈ نے ہدایت دی ہے۔

Desk

○○